لفظ

(جو بھی آواز آدمی کی زبان سے نکلے اسے لفظ کہتے ہیں)

موضوع (با معنی لفظ کو موضوع کہتے ہیں)

مہمل (بے معنی لفظ کو مہمل کہتے ہیں)

مفرد (اس اکیلے لفظ کو کہتے ہیں جو ایک معنی بتائے اور اس کو کلمہ بھی کہتے)

مرکب (ایک سے زائد کلمات کے مجموعہ کو مرکب کہتے ہیں)

اسم وہ لفظ جو کسی چیز کا نام ہو اور اس کے معنی میں کوئی ٹائم نہ ہو جیسے: کِتَابٌ ، قَلَمٌ ، مِفْتَاحٌ

فعل وہ کام جس کے معنی میں کوئی ٹائم ہو جیسے: قَرَأْتُ (میں نے پڑھا) أَقْرَأُ (میں پڑھ رہا ہوں)

حرف حرف: وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کے ملائے بغیر نہ سمجھا جاسکے، جیسے: مِـنْ (سے) فِيْ (میں) وَ (اور) کہ جب تک ان کے ساتھ کوئی اسم یا فعل نہ ملے اس وقت تک ان سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا اور جب مل جائے گا تو پورا پورا فائدہ حاصل ہو جائے گا‘ جیسے: إِيَّاکَ نَعْبُدُ وَ إِيَّاکَ نَسْتَعِيْنُ میں واو ہے

بلحاظ جنس

مذکر — مؤنث

مؤنث: حقیقی — قیاسی — سماعی

1۔ حقیقی (Real Femenine) وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر موجود ہو‘ جیسے: اُمٌّ ۔ اُخْتٌ ۔ جَامُوْسٌ.

2۔ قیاسی (Formal Femenine) وہ مؤنث جس میں مندرجہ ذیل تین علامتوں میں سے کوئی ایک علامت پائی جائے۔

(ا)۔ آخر میں گول تاء (ۃ) ہو‘ جیسے: دَرَّاجَةٌ ۔ کُرَّاسَةٌ.

(۲)۔ وہ اسم صفت جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو‘ جیسے: کبریٰ ۔ صُغْرٰی.

(۳)۔ وہ اسم صفت جس کے آخر میں الف ممدودۃ ہو‘ جیسے: حَمْرَاءُ ۔ صَفْرَاءُ.

3۔ سماعی: (Excephtional Feminine) وہ مؤنث جس کا تعلق مندرجہ بالا دونوں اقسام میں سے تو نہیں ہے لیکن اہل زبان نے اسے مؤنث ہی استعمال کیا ہو۔ مثلاً: شَمْسٌ ۔ دَارٌ ۔ نَفْسٌ ۔ عَقْرَبٌ ۔ أَرْضٌ ۔ عَصیٰ ۔ فِرْدُوْسٌ ۔ فُلْکٌ ۔ ثَعْلَبٌ فَأْسٌ ۔ بِئْرٌ ۔ أَرنَبٌ ۔ إِصْبَعٌ ۔ عَنْکَبُوْتٌ.

مندرجہ ذیل اسماء بھی مؤنث سماعی کہلاتے ہیں:

ا۔۔ ملکوں کے نام‘ جیسے: بَاکِسْتَانُ ۔ اِنْکُلْتَرًا.

ب۔۔ شہروں کے نام‘ جیسے: لاهور ۔ کراتشي ۔ رياض.

ج۔۔ جسم کے وہ اعضا جو دو دو ہیں‘ جیسے: يَدٌ ۔ عَيْنٌ ۔ اُذُنٌ.

د۔۔ جہنم کے تمام نام‘ جیسے: نَارٌ ۔ سعير.

ھ۔۔ ہوا کے تمام نام‘ جیسے: رِيْحٌ ۔ عَاصِفَةٌ.

All Rights Reserved.